03-04-2024 Thursday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلہ کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے کی مہلت آج ختم ہوگئی ہے۔

☆دلی کی ایک عدالت نے دلی ایکسائز پالیسی اسکام کیس کے سلسلے میں درج کئے گئے منی لانڈرینگ کے ایک مقدمہ میں بی آر ایس کی لیڈر کویتا کی عبوری درخواست ضمانت پر اپنا فیصلہ محفوظ کردیا ہے۔

☆بھارت راشٹر یہ سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ریاستی حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ بافندوں کیلئے جاریہ فلاحی وترقیاتی اسکیمیں جاری رکھے۔

☆کومارم بھیم آصف آباد ضلع میں ایک جنگلی ہاتھی نے آج ایک اور کسان کو کچل کر ہلاک کردیا۔

☆☆☆☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلہ کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے کی مہلت آج ختم ہوگئی ہے۔دوسرے مرحلہ کے تحت بارہ ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کی 88 لوک سبھا نشستوں کے ساتھ آؤٹر منی پور لوک سبھا حلقہ کے باقی حصہ میں رائے دہی ہوگی۔آؤٹر منی پور حلقہ کے ایک حصہ میں پہلے مرحلہ کے تحت رائے دہی ہوگی۔ کیرالہ کی بائیس، کرناٹک کی چودہ، راجستھان کی تیرہ، اتر پردیش اور مہاراشٹرا کی آٹھ آٹھ، مدھیہ پردیش کی سات، آسام اور بہار کی پانچ پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کی تین تین اور منی پور، تریپورہ اور جموں وکشمیر کی ایک ایک نشست کیلئے دوسرے مرحلہ کے تحت رائے دہی ہوگی۔ووٹنگ کا یہ مرحلہ 26 اپریل کو ہوگا۔جموں وکشمیر کو چھوڑ کر تمام ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں میں نامزدگیوں کی جانچ پڑتال پانچ اپریل کو ہوگی۔جموں وکشمیر میں یہ عمل چھ اپریل کو ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆

کانگریس کی سینئر لیڈر سونیا گاندھی اور مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج راجیہ سبھا کے ارکان کی حیثیت سے حلف لے لیا۔راجیہ سبھا کے صدر نشین جگدیپ دھنکر نے انہیں حلف دلایا۔راجیہ سبھا کے بارہ نومنتخب ارکان پارلیمنٹ نے بھی آج حلف لیا۔ان میں بی جے پی کے آر پی این سنگھ، جنتا دل یو کے سنجے کمار جھا اور کانگریس کے اجئے ماکن شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

اگنی پرائم میزائل کا کل اڈیشہ میں کامیاب تجربہ کیا گیا۔اسٹراٹیجک فورسیس کمانڈ نے ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے ساتھ مل کر اڈیشہ کے ساحل پر ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام جزیرہ سے یہ تجربہ کیا۔وزارت دفاع نے بتایا کہ اس نئی نسل کے بالیسٹک میزائل کے تجربہ میں تمام مقاصد کو حاصل کرلیا گیا۔اس کامیاب تجربہ سے اگنی پرائم کی قابل اعتبار کارکردگی کی توثیق ہوتی ہے۔وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے اس کامیاب تجربہ کے لئے ڈی آر ڈی او، ایس ایف سی اور مسلح افواج کو مبارک باد دی۔

☆☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم واٹس ایپ پر پھیلائے جارہے اس پیغام کو جھوٹا قرار دیا ہے جس میں یہ دعویٰ کیا گیا کہ سرکاری ملازمین پوسٹل بیالٹ کے ذریعہ اپنے ووٹ نہیں ڈال سکیں گے۔الیکشن کمیشن آف انڈیا نے سوشیل میڈیا کے ایک پوسٹ کے ذریعہ بتایا کہ اہل عہدیدار جو الیکشن ڈیوٹی پر ہوں گے اپنے ووٹ مقررہ ووٹر فسیلیٹیشن سنٹر پر پوسٹل بیالٹ کے ذریعہ ڈال سکتے ہیں۔کمیشن نے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ ایسے گمراہ کن اور جھوٹے پیغامات سے چوکس رہیں اور ان پر توجہ نہ دیں۔

☆☆☆☆☆☆

بھارت راشٹر یہ سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے نلگنڈہ ضلع میں ایک واٹر ٹینک میں تیس بندروں کے مردہ پائے جانے کے واقعہ پر ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ وقفہ وقفہ سے واٹر ٹینک کی صفائی اور روزمرہ کی دیکھ بھال ایک معیاری طریقہ کار ہے۔جس کو نظر انداز کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ کانگریس کی حکومت صحت عامہ پر سیاست کو ترجیح دے رہی ہے جس کے نتیجہ میں یہ واقعہ پیش آیا ہے۔

سابق وزیر جگدیش ریڈی نے نلگنڈہ ضلع کے نندی کنڈہ میونسپلٹی کے تحت ناگر جنا ساگر کے قریب اس واٹرٹینک معائنہ کیا جس میں تیس بندر مردہ پائے گئے۔ اپنے دورہ کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس واٹرٹینک سے پانی پینے والے عوام کے طبی معائنے کرائے جائیں۔ بلدی ملازمین نے کل واٹرٹینک سے بندروں کی لاشیں نکالیں۔ اس واٹرٹینک کے ذریعہ تقریباً دوسو خاندانوں کو پینے کا پانی سربراہ کیا جاتا ہے۔ بلدی عملہ نے واٹرٹینک کے اوپر ٹین رکھے تھے۔ عہدیداروں کو شبہ ہے کہ یہ بندر ٹینوں کے درمیان جگہ بنا کر واٹرٹینک میں داخل ہوئے لیکن باہر نہیں آسکے۔ مقامی عوام نے اس واقعہ کے ذمہ دار بلدی عہدیداروں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

بھارت راشٹر یہ سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ریاستی حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ بافندوں کیلئے جاریہ فلاحی وترقیاتی اسکیمیں جاری رکھیں۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی کے نام کھلے مکتوب میں انہوں نے کہا کہ ریاست میں بافندوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چار مہینوں سے موجودہ حکومت نے ان تمام اسکیموں پر عمل آوری کو روک دیا جو سابقہ حکومت بافندوں کی بہبود کیلئے شروع کی تھی۔ اس کے نتیجہ میں بافندوں کو شدید دشواریوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت بافندوں کی بہبود کیلئے بڑی رقم مختص کی تھی جس کی وجہ سے مختلف پروگرام شروع کیے گئے۔ ان میں بافندوں کے قرضوں کی معافی، چینتا مترا، نیتنا کو بیمہ، بتکماں ساڑی پروگرام، ہیلتھ انشورنس اور ہینڈلوم اور پاورلون کیلئے دوعلحدہ کارپوریشنس کی تشکیل جیسے اقدامات شامل ہیں۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر نے ریاستی حکومت سے درخواست کی کہ وہ بافندوں کی فلاحی سرگرمیوں کو سیاسی زاویہ سے نہ دیکھے اور تمام فلاحی سرگرمیوں پر عمل آوری کو برقرار رکھے۔

☆☆☆☆☆☆

سنگاریڈی ضلع میں ایک دواساز کمپنی میں ری ایکٹر پھٹ پڑنے کے ایک دن بعد فائر سرویس کے محکمہ کے عہدیداروں نے ملبہ سے آج ایک اور نعش برآمد کی۔ اس کے ساتھ ہی اس واقعہ میں مہلوکین کی تعداد چھ ہوگئی ہے۔ محکمہ کے ایک عہدیدار نے جائے وقوع پر بتایا کہ کمپنی کے یونٹ 1 میں دھماکہ ہوا۔ اس وقت احاطہ میں تقریباً پینتیس ملازمین موجود تھے۔ یونٹ 1 میں آٹھ تا نو ملازمین کام کررہے تھے۔ سنگاریڈی کے ریجنل فائر آفیسر سرینواس نے بتایا کہ کمپنی کے ایک ڈائرکٹر کے بشمول چار افراد برسر موقع ہلاک ہوگئے جبکہ بیس دیگر ملازمین زخمی ہوئے۔ ایک زخمی کل رات حیدرآباد کے نظامس انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسس میں دوران علاج فوت ہوگیا۔ اس دوران ایس بی آرگنیکس نامی اس کمپنی کے متوفی اور زخمی ملازمین کے ارکان خاندان پلانٹ کے باہر جمع ہوئے اور معاوضہ کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا۔ بھارت راشٹر یہ سمیتی کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے ملازمین کے ساتھ بات چیت کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ہر مہلوک کے ورثاء کو پچاس لاکھ روپئے اور ہر زخمی کو پچیس لاکھ روپئے ادا کرے۔

☆☆☆☆☆☆

کومارم بھیم آصف آباد ضلع میں ایک جنگلی ہاتھی نے آج ایک اور کسان کو کچل کر ہلاک کردیا۔ یہ ہاتھی برے پلی گاؤں کے اطراف کھیتوں میں گھوم رہا تھا۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران اس نے دو کسانوں کو ہلاک کردیا ہے۔ اس واقعہ سے اطراف کے دیہاتوں میں دہشت کا ماحول پیدا ہوگیا ہے۔ دھان کے کھیت کو پانی دینے والے کسان کار پوشنا کو آج اس ہاتھی نے کچل دیا۔ کل اسی ہاتھی نے کھیت میں کام کررہے کسان الوروشنکر کو مارڈالا تھا۔ محکمہ جنگلات کے عہدیداروں نے چوکسی کا حکم دیا ہے کیوں کہ یہ ہاتھی اب بیجومنڈل کے سولوگوپلی گاؤں کے طرف بڑھ رہا ہے۔ محکمہ جنگلات، پولیس اور محکمہ مال کے عہدیداروں کی ٹیمیں اطراف واکناف کے دیہاتوں میں پھیل گئی ہے۔ پولیس نے منڈل میں سیکشن 144 نافذ کردیا ہے۔ اس دوران سرپورٹی کے رکن اسمبلی ڈاکٹر پی ہریش بابو نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ہر مہلوک کے ورثاء کو بیس لاکھ روپئے کا معاوضہ ادا کرے اور ان کے خاندان کے کسی رکن کو سرکاری ملازمت فراہم کرے۔

☆☆☆☆☆☆

بی جے پی کے ریاستی نائب صدر اور سابق رکن اسمبلی این وی ایس ایس پربھاکر نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ لوک سبھا انتخابات میں عوام وزیراعظم نریندر مودی کی فلاحی اسکیموں کو جاری رکھنے کیلئے فرمان دیں گے۔ پارٹی کے دفتر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کے عوام وزیراعظم مودی کی تائید میں فیصلہ سنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا موڈ اور مختلف سروے یہ بتارہے ہیں کہ این ڈی اے چارسو سے زیادہ نشستیں حاصل کرے گی۔

دلی کی ایک عدالت نے دلی ایکسائز پالیسی اسکام کیس کے سلسلے میں درج کئے گئے منی لانڈرینگ کے ایک مقدمہ میں بی آر ایس کی لیڈر کویتا کی عبوری درخواست ضمانت پر اپنا فیصلہ محفوظ کردیا ہے۔خصوصی جج کاویری باویجا نے کویتا اور انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے وکلاء کے دلائل کی سماعت کے بعد اپنا فیصلہ محفوظ کردیا۔انہوں نے کہا کہ عدالت کا فیصلہ پیر کو سنایا جائے گا۔کویتا کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرتے ہوئے سینئر وکیل ابھیشک مانوسنگھوی نے یہ دلیل پیش کی کہ کویتا کو پریوینشن آف منی لانڈرینگ ایکٹ کی دفعہ 45 کے تحت ضمانت ملنی چاہئے۔سنگھوی نے کہا کہ کویتا کا بیٹا امتحانات میں شرکت کررہا ہے اور اس لئے اس کے ساتھ کویتا کی موجودگی ضروری ہے۔انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے درخواست ضمانت کی مخالفت کی۔

☆☆☆☆☆☆